بیرونیس ہیلیٹ
یوکے کوویڈ 19 تفتیش کی چیئر پرسن

محترم وزیرِ اعظم،

یوکے کوویڈ 19 تفتیش - حوالے کی شرائط کی تجاویز

جب آپ نے میری تقرری کی تھی، تو آپ نے مجھے حوالے کی شرائط کے مسودے، جو آپ نے 10 مارچ کو مجھے فراہم کیا تھا، پر عوام سے مشاورت کرنے کا کہا تھا۔ میں نے یہ کام 11 مارچ کو شروع کیا اور اب میری ٹیم اور میں نے اپنا تجزیہ مکمل کر لیا ہے۔ میں نے اپنی مجوزہ حوالے کی شرائط، جن میں تفتیش کی طرف سے کی جانے والی مشاورت کے جوابات کے تجزیے کی بنیاد پر تبدیلیاں کی گئی ہیں، اس کے ساتھ منسلک کی ہیں۔

20000 سے زیادہ افراد اور تنظیموں نے مشاورت کا جواب دیا ہے۔ 4 ہفتوں کی اس مشاورت کے دوران، میں نے یوکے بھر کے شہروں میں مختلف شعبوں کی نمائندگی کرنے والے 150 سے زائد ایسے خاندانوں جن کے عزیز وبا سے فوت ہو گئے تھے اور تنظیموں سے ملاقاتیں کی ہیں۔ میں نے بذاتِ خود لوگوں سے سنا ہے کہ یوکے کی جانب سے کورونا وائرس کی عالمی وبا سے نمٹنے کے عمل کی جامع تفتیش کرنا کتنا اہم ہے۔ اس عمل نے مجھے حوالے کی مسودہ شرائط پر معلوماتی اور تعمیری تنقید فراہم کی ہے۔ اس نے نہ صرف لوگوں کے تفتیش کا حصہ بننے کے جذبے بلکہ میرے ساتھ مل کر قیمتی اسباق سیکھنا یقینی بنانے کی خواہش بھی ظاہر کی ہے۔

مشاورت میں وہ شعبے سامنے آ گئے ہیں، جن میں حوالے کی شرائط میں بہتری لائی جا سکتی ہے۔ میں نے بچوں اور نو عمروں، یوکے کے لوگوں کی دماغی صحت اور بہبود اور مقامی، سپرد کردہ اختیارات کے حامل اداروں اور قومی حکومت کے درمیان تعاون نیز رضاکارانہ اور کمیونٹی شعبے پر توجہ دینے سے متعلق متاثر کن تبصرے سنے ہیں۔ لہٰذا میں آپ سے ان مسائل کو شامل کرنے کے لیے حوالے کی شرائط میں اضافے کا کہہ رہی ہوں۔

عالمی وبا کا غیر مساوی اثر ایک ایسا تھیم تھا جس کا اظہار مشاورت کے جوابات میں شد و مد سے ہوا ہے۔ لہٰذا میں تجویز دیتی ہوں کہ حوالے کی شرائط میں ایسی تبدیلی کی جائے جس سے عدم مساوات کے ممکنہ پہلوؤں کو انتہائی ترجیح حاصل ہو جائے اور نتیجتاً تفتیش کے ہر قدم پر عالمی وبا کے غیر مساوی اثرات کی چھان بین کی جائے۔ یہ اہم تجویز تفتیش کا جامع ہونا یقینی بنائے گی۔

آخر میں، ہماری توجہ کو زیادہ بہتر بنانے کے لیے میں کئی تبدیلیاں تجویز کر رہی ہوں۔ ان تبدیلیوں کا تعلق کئی اہم شعبوں سے ہے، جن میں شامل ہیں گھر میں دیکھ بھال، انضباطی کنٹرول، گھریلو استحصال کے متاثرین کے لیے معاونت اور NHS کے ساتھ ابتدائی رابطہ، بشمول 111 اور 999 سروسز۔

مجھے یقین ہے کہ یہ تبدیلیاں یقینی بنائیں گی کہ تفتیش کوویڈ 19 کی عالمی وبا کے حوالے سے یوکے کی تیاری اور ردِ عمل کا جائزہ لینے اور مستقبل کے لیے سبق سیکھنے کا اپنا مقصد انتہائی احسن انداز میں پورا کر سکتی ہے۔

مجھے امید ہے کہ آپ میری تمام تجاویز قبول کریں گے۔ ایسا کرنے کا مطلب تفتیش کی عوامی مشاورت میں حصہ لینے والے تمام لوگوں کے اہم تعاون کو تسلیم کرنا ہو گا اور تیزی سے ایسا کرنا یقینی بنائے گا کہ یہ تفتیش کسی تاخیر کے بغیر اپنا کام با ضابطہ طور پر شروع کر سکے۔

مخلص،

HC Hallett

انتہائی قابلِ احترام بیرونیس ہیلیٹ ڈی بی ای پی سی

منسلک ہیں حوالے کی شرائط میں مجوزہ تبدیلیاں